Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ، 19 نومبر 2025ء، 27 جمادی الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 225

سکھ یاتریوں کو ممکن سہولتیں دینے کیلئے کوشاں ہیں، شہباز شریف

پاکستان میں سکھوں کے بہت سے مقدس مذہبی مقامات ہیں، دنیا بھر سے سکھ برادری کے افراد مذہبی رسومات کے لیے پاکستان آتے ہیں، مقدس مقامات پر ہر ممکن سہولتوں کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں

پاکستان میں سکھ برادری کی فلاح و بہبود اور دنیا بھر سے سکھ یاتریوں کو مزید سہولیات کی فراہمی کیلئے حکمت عملی ترتیب دیں گے، وزیر اعظم کی امریکی سکھ تنظیم کے صدر جسدیپ سنگھ سے گفتگو

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے صدر سکھ کاف امریکہ جسدیپ سنگھ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے امریکا میں مقیم سکھ برادری کی تنظیم کے صدر جسدیپ سنگھ کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور پاکستانی نژاد امریکی کاروباری شخصیت ساجد تارڑ بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم نے پاکستان آمد پر جسدیپ سنگھ کو خوش آمدید کہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان میں سکھوں کے بہت سے مقدس مذہبی مقامات موجود (بقیہ نمبر 6)

ٹرمپ کے غزہ منصوبے کی حمایت میں قرارداد منظور

20 ثالثی غزہ قرارداد کے حق میں پاکستان سمیت 13 ممالک نے ووٹ دیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) سلامتی کونسل میں صدر ٹرمپ کے غزہ منصوبے کی حمایت میں قرارداد منظور، سلامتی کونسل میں امریکا کی غزہ امن قرارداد پر چین اور روس نے شیڈ تخفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ فلسطینی عوام کا ہے، کسی اور کا نہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں صدر ٹرمپ کے 20 نکاتی غزہ منصوبے کی حمایت میں قرارداد منظور کر لی گئی ہے، قرارداد کے حق میں پاکستان سمیت 13 ممالک نے ووٹ دیا جبکہ روس اور (بقیہ نمبر 7)

30 ارب کی رقم سیلاب متاثرین کے اکاؤنٹس میں منتقل

متاثرہ اضلاع میں 2200 سے زائد ٹیموں اور 11 ہزار اہلکاروں نے سروے مکمل کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ 30 ارب کی رقم سیلاب متاثرین کے اکاؤنٹس میں منتقل کر دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق تاریخ کے سب سے بڑے سیلاب میں پروگرام پر تیزی سے کام جاری ہے۔ (بقیہ نمبر 9)

سندھ میں آئینی عدالتوں کے قیام سے متعلق آرڈی ننس جاری

آرڈی ننس کے ذریعے آئینی عدالتوں میں جج کی تقرری کی جائے گی، قائم قائم گورنر نے دستخط کر دیئے

کراچی (این این آئی) سندھ میں آئینی عدالتوں کے قیام سے متعلق آرڈی ننس جاری کر دیا گیا ہے۔ ترجمان گورنر ہاؤس کے مطابق قائم مقام گورنر سندھ اویس قادر شاہ نے آرڈی ننس پر دستخط کر دیے ہیں۔ آرڈی ننس کا (بقیہ نمبر 10)

ٹرمپ کے غزہ منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستان

1967 سے پہلے کی سرحدوں کے مطابق فلسطینی ریاست کا قیام ہمارا مقصد، دارالحکومت القدس ہونا چاہیے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ غزہ میں تنازع کے خاتمے کے لیے ٹرمپ کے غزہ منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہیں، امن معاہدے سے غزہ میں جنگ کا خاتمہ ہوا ہے۔ سلامتی کونسل میں پاکستانی (بقیہ نمبر 8)

بچوں کیساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد صرف جرم نہیں انسانیت کیخلاف بغاوت ہے

بچوں کیخلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کریں گے، مریم نواز

بچوں اور شہریوں کی حفاظت کا ایک محفوظ نظام بنا دیا، بچوں کے خلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کر دیں گے کسی شہر میں وال چاکنگ برداشت نہیں کی جائیگی، وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت امن وامان پر غیر معمولی اجلاس

ٹی ایل پی کے ٹھکانوں سے جدید ترین اسلحہ، ہزاروں گولیاں، بلٹ پروف جیکٹس برآمد ہوئیں، بریفنگ، عوام کی جانب سے انتہا پسندی اور فتنہ انگیزی کو یکسر مسترد کرنے پر اظہار اطمینان

تمام ڈپٹی کمشنرز کو صوبہ بھر میں وال چاکنگ پر مکمل پابندی کے مستقل نفاذ کے لیے موثر اقدامات جاری رکھنے، ہراسانی کے واقعات کی ڈرون سرویلنس کرنے کا حکم، بچے میری ریڈ لائن ہیں، ان کی حفاظت ہمارا فرض ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بچوں کے خلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کر دیں گے۔ بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی ہر وقت قائم و معالی کے سامنے دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ بچوں کے ساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد صرف جرم نہیں انسانیت کے خلاف بغاوت ہے، بچے میری ریڈ لائن ہیں، سب ہمارے ہیں، سب کی حفاظت ہمارا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث لوگ سماج کے ناسور ہیں اور پنجاب سے جڑ سے اکھاڑ کر بچوں کے ساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور حکومت نے احتجاج کے نام پر نفرت فتنہ پھیلانے والی فتنہ وروک ٹوک کی واحد انتہا پسند جماعت کے عہدے داروں کے 23 اور 40 روز پہلے کے اغوا کے مجدد کر دیئے۔ 92 بیک اکاؤنٹس اور جائز کیش سمیت تمام (بقیہ نمبر 2) حکومت نے انتہا پسندوں اور دہشتگرد کے خیمہ وروک کے باطل اور منظم انفارمیشن کو اکھاڑ پھینکا۔ ٹی ایل پی کے ٹھکانوں سے جدید ترین اسلحہ، ہزاروں گولیاں، بلٹ پروف جیکٹس اور جنگی ساز و سامان برآمد ہوئے۔ پنجاب

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں، دوسری طرف کالعدم جماعت سے برآمد ہونے والا جدید اسلحہ بھی نظر آ رہا ہے

70 فیصد بیماریاں آلودہ پانی سے جنم لیتی ہیں اور پرہیز واحد حل ہے، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 70 فیصد بیماریاں آلودہ پانی سے جنم لیتی ہیں اور پرہیز ہی واحد حل ہے، وسیع بیمار، صاف پانی، احتیاط اور لائف اسٹائل میڈیسن کو فروغ دینے سے ہیلتھ کیئر سسٹم کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے۔ دو روزہ فزیشین و دانتا کی ادویات پر عالمی سیمینار کے افتتاحی تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 11)

کالعدم ٹی ایل پی کے 23 ارب 40 کروڑ کے اثاثے منجمد

92 بینک اکاؤنٹس سیل اور 90 فنانسرز کے خلاف مقدمات درج ہو چکے ہیں

اشتعال انگیزی، قتل کے فتوں کے الزام پر 1 افراد پر مقدمات درج

830 افراد کو گرفتار کیا، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی پریس کانفرنس

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ کالعدم تحریک لبیک کے 23 ارب 40 کروڑ روپے کے اثاثے منجمد کر دیے گئے ہیں جبکہ اس جماعت کے 92 بینک اکاؤنٹس بھی سیل کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 1)

آئی سی ٹی خود مختار 24 موضع جات کی ڈیجیٹائزیشن کا عمل مکمل

سی ڈی اے اور پی ایل آر اے کے درمیان لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن اور ای۔اسٹامپ پیپر کے اجراء کے حوالے سے اہم اجلاس کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے تمام ڈیجیٹائزیشن کے مکمل کو مزید تیز کرنے اور جلد مکمل کرنے کیلئے ورکنگ گروپ بنانے کی ہدایت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سپیکٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت منگل کے روز اسلام آباد ہیڈ آفس میں سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبر ایڈمن واسپیکٹ طلعت محمود، ممبر انوائرمنٹ اسفندیار بلوچ، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کیپٹن (ر) عامر جان، چیف آرکیٹیکٹ ایڈمنسٹریشن ڈاکٹر ارشد محمود، ڈائریکٹر آئی سی ٹی راجہ اورنگزیب سمیت سی ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کے متعلقہ (بقیہ نمبر 5)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب تنویر اظہر الرحمٰن کابینہ کی منیجنگ کمیٹی برائے امور قانون سازی و نجکاری کے 27 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی سب سے طاقتور کمپیوٹنگ مشین کا افتتاح

افتتاح وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کیا، ڈاکٹر ربیعہ علی رضا انور بھی ہمراہ تھے

کامیاب قومیں وہ ہیں جو علم اور ٹیکنالوجی کی اعلیٰ سطح پر رسائی اور دسترس حاصل کرتی ہیں، پروفیسر احسن اقبال کا خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے منگل کے روز پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز (PIEAS) میں سینٹر فار کمپیوٹیشنل سائنسز (CMS) اور جدید ترین ہائی پرفارمنس کمپیوٹنگ High Performance Computing) مشین کا افتتاح معائنہ بھی کرایا۔ اس (بقیہ نمبر 4) کیا۔ چیئرمین پاکستان ایٹمی توانائی کمیشن، ڈاکٹر ربیعہ علی رضا انور نے وفاقی وزیر کے ہمراہ افتتاح کیا اور انہیں CMS کی مختلف لیبارٹریوں کا

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال پاکستان کے سب سے طاقتور شماری مرکز (انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی سینٹر) اور ریاضیاتی علوم مرکز (سی ایم ایس) کا افتتاح کر رہے ہیں

فلائی دبئی کا 150 ایئر بس جیٹ طیاروں کا آرڈر

پہلا ایئر بس آرڈر ہمارے فضائی بیڑے کو وسعت دینے کا دلچسپ قدم

دبئی (این این آئی) کفایتی ایئر لائن فلائی دبئی نے ایک بڑے توسیعی منصوبے کے تحت منگل کے روز 150 ایئر بس A321neo جیٹ طیاروں کا آرڈر دینے (بقیہ نمبر 2)

لاہور سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین میمن، چیف ٹاؤن پلاننگ کے ہمراہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈی جی ڈی ڈی اتھارٹی عاصم جاوید ذفہ کے ہمراہ شریک ہیں

پاکستان اور جرمنی کا معدنیات و دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے جرمنی کی سفیر انا لیپکی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور جرمنی کے درمیان معدنیات، توانائی اور قدرتی وسائل کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے، دونوں ممالک نے (بقیہ نمبر 2)

27 ویں ترمیم کے بعد 3 اہم آئینی اور عدالتی اداروں کی تشکیل نو

سپریم جوڈیشل کونسل، جوڈیشل کمیشن اور پرکیشن اینڈ پروسیجر کمیٹی کی تشکیل نو کی گئی، جسٹس جمال مندوخیل رکن جوڈیشل کمیشن نامزد

سپریم جوڈیشل کونسل کی سربراہی چیف جسٹس پاکستان یا وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس میں سے سینئر ترین جج کرے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد اہم آئینی اور عدالتی اداروں کی تشکیل نو کر دی گئی ہے، ان تبدیلیوں کے تحت سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل کو سپریم جوڈیشل کونسل (ایس سی جے) اور پرکیشن اینڈ پروسیجر کمیٹی کا رکن بنایا گیا ہے جبکہ وفاقی آئینی عدالت (ایف سی سی) کے جج جسٹس عامر فاروق کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان (جے سی پی) (بقیہ نمبر 3)

پاکستان میں خطے کی سب سے بڑی خلائی سائنس کانفرنس کا افتتاح

کانفرنس میں خلابازوں، سائنسدانوں، پالیسی سازوں، تعلیمی رہنماؤں اور عالمی تنظیموں کے نمائندوں کی شرکت

پاکستان کا مقصد پائیدار ترقی کے لیے خلائی ٹیکنالوجی کے استعمال اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینا ہے، چیئرمین سپارکو محمد یوسف خان

اسلام آباد (این این آئی) راجا جلال ممتاز راٹھور کو مظفر آباد (این این آئی) پاکستان نے خطے کی سب سے بڑی خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی کانفرنس (آئی سی اے ایس ٹی-2025) کا افتتاح کر کے اپنے خلائی سفر میں ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ یہ کانفرنس انسٹی ٹیوٹ آف ایپیس انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس کا مشترکہ اہتمام ایپیس ایند ایرو سٹیفر ایک اہم سٹیک کیشن (سپارکو) اور آئی ایس ٹی نے کیا۔ اس موقع پر بین الاقوامی (بقیہ نمبر 26)

سرکاری اہلکار ہائر کے بیرون ملک جانے کی کوشش کرنیوالے 3 مسافر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایف آئی اے امیگریشن نے خود کو سرکاری اہلکار ہائر کر کے بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے تین مسافروں کو آف لوڈ کر کے گرفتار کر لیا۔ تینوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے ایف (بقیہ نمبر 4)

وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائم مقام امریکی سفیر نیلی بکر کی ملاقات

قائم مقام امریکی سفیر کا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش

حملے سے جڑے تمام کردار لڑیں۔ سہولت کار گرفتار۔ ہر پہلو سے تحقیقات جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائم مقام امریکی سفیر نیلی بکر نے ملاقات کی، قائم مقام امریکی سفیر نیلی بکر نے اسلام آباد پکھری کے (بقیہ نمبر 8)

غزہ کیلئے 100 ٹن امدادی سامان کی 25 ویں کھیپ روانہ

فلسطین کے مظلوم مسلمان ہمارے بھائی، امداد کا سلسلہ جاری رہے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی جانب سے این ڈی ایم اے کی زیر سرپرستی اور الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے منگل کے روز ماہر اقبال انٹرنیشنل ایئر (بقیہ نمبر 9)

پنجاب حکومت کا مساجد کو مسجد مینجمنٹ کمیٹیوں کے حوالے کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے مساجد کو مسجد مینجمنٹ کمیٹیوں کے حوالے کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس حوالے سے مساجد کے انتظامات بارے رپورٹ وزیر اعلیٰ پنجاب کو بھجوا دی ہی گئی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے 13 اکتوبر کے بعد 331 مساجد کو (بقیہ نمبر 5)

عظمیٰ بخاری کی فیک نازیبا ویڈیو، نامزد ملزم کے وارنٹ جاری

عدالت نے عدم پیشی پر ملزم علی حسن کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی فیک نازیبا ویڈیو اپ لوڈ کرنے کے مقدمہ میں ملزم کی ضمانت منسوخی کی درخواست پر ملزم علی حسن کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ (بقیہ نمبر 6)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائم مقام امریکی سفیر نیلی بکر کی ملاقات

جلال پور پیروالا: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے سیلاب کے بعد متاثر کا معائنہ کرنے کے لیے جلال پور پیروالا میں M-5 موٹروے کا دورہ کیا

نوتخب وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر راجا فیصل ممتاز نے حلف اٹھالیا

فرائض کو انجام دینا اس انتہائی مشکل دور میں آسان کام نہیں ہوگا

مظفر آباد (این این آئی) راجا جلال ممتاز راٹھور نے منگل کو آزاد جموں و کشمیر کے 16 ویں وزیر اعظم کے طور پر حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کی تقریب ایوان صدر مظفر آباد میں منعقد کی گئی، ایکٹنگ آزاد جموں و کشمیر اسمٰعیل چوہدری لطیف اکبر نے حلف لیا۔ نومنتخب وزیر اعظم راجا فیصل ممتاز راٹھور نے کہا کہ میں اپنے شہریوں کے سب سے بڑی خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی کانفرنس (آئی سی اے ایس ٹی-2025) کا افتتاح کر دیا ہے۔ یہ کانفرنس انسٹی ٹیوٹ آف ایپیس انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس کا مشترکہ اہتمام ایپیس ایند ایرو سٹیفر ایک اہم سٹیک کیشن (سپارکو) اور آئی ایس ٹی نے کیا۔ اس موقع پر بین الاقوامی (بقیہ نمبر 26)

جاپان نے چین میں رہنے والے اپنے شہریوں کو خبردار کر دیا

جاپان نے چین میں رہنے والے اپنے شہریوں کو خبردار کر دیا ہے۔ (این این آئی) جاپان نے چین میں اپنے شہریوں کو خبردار کر دیا ہے۔ جاپان کے درمیان چل رہے تنازعے کے پیش نظر جاپان نے چین میں اپنے شہریوں کو حفاظتی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور ہجوم والی جگہوں سے گریز کرنے کی ہدایت کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 7)

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گرد ہلاک

ڈی آئی خان میں آپریشن کے نتیجے میں 10 خوارج کو جہنم واصل کیا گیا جس میں ان کا سرغنہ عالم محمود بھی شامل ہے، آئی ایس پی آر

عزم استحکام کے تحت سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بڑی کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں، ہر قسم کی دہشت گردی کے عمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، شہباز شریف

عمران شاہ اراولپنڈی اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور ڈی آئی خان میں آپریشنز کے دوران بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 15 اور 16 نومبر کو سیکورٹی فورسز نے غیر جانبدار خوارج کے مختلف کارروائیاں کیں، ڈی آئی خان میں آپریشن کے نتیجے میں 10 خوارج کو جہنم واصل کیا گیا جس میں ان کا سرغنہ عالم محمود بھی شامل ہے۔ ایک اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن شمالی وزیرستان کے علاقے دوتیل میں کیا گیا جس میں سیکورٹی فورسز نے مزید 5 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ (بقیہ نمبر 8)

لاہور: چیئرمین پیمیم کی کیالاگ فمائلی کا افتتاح سفیر چارلس آئینا سالیدین ڈگر گرامٹ اور صدر لاہور چیمبر نیم الرحمٰن سہگل کر رہے ہیں

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کا آغاز

پہلے 24 گھنٹوں میں 30 سے زائد اخلاع میں 5,747 مفت موبائل سمز جاری کر دی گئیں

اس اقدام کا مقصد خواتین کے لیے شفاف، باوقار اور براہ راست مالی رسائی کو یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کا آغاز پہلے 24 گھنٹوں میں 30 سے زائد اخلاع میں 5,747 مفت موبائل سمز جاری، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سوشل پروٹیکشن والٹ کے پائلٹ مرحلے کے آغاز کے پہلے 24 گھنٹوں میں ملک بھر کے 30 سے زائد اخلاع میں خواتین میں مفت 5,747 موبائل سمز (بقیہ نمبر 3)

لیکسو نے اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری شروع کر دی

4 ارب کے قرض سے 1 لاکھ 30 ہزار میٹرز خریداری کا عمل شروع کیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے لیسکو کیلئے 4 ارب روپے کے قرض کی منظوری دے دی گئی ہے۔ لیسکو نے 4 ارب روپے کے قرض سے اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک کے (بقیہ نمبر 2)

بھارتی طیارے سے فیول لیک ہونے کی ویڈیو وائرل، آن لائن مذاق بن گیا

ہندوستان ایروناٹکس لیمیٹڈ اور بھارتی فضائیہ نے واقعے پر ابھی تک کوئی تبصرہ نہیں کیا

دہلی (این این آئی) دہلی ایئر شو میں بھارتی طیارے کے آسمان میں فیول لیک ہونے کی ویڈیو وائرل ہونے کے باعث سوشل میڈیا پر مذاق بن گیا۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 2)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ایجوکیشن میں نواز شریف کا ڈیزائن کردہ ماڈل سٹمز کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے لاگ آواز
ISSN 1994-9577 ABC
ناشر: چوہدری محمد عبداللہ بھٹی ایڈیٹر: چوہدری محمد عبدالرحمن

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نیب ریکوری کا نیا ریکارڈ

قومی احتساب بیورو (نیب) میں ادارہ جاتی اصلاحات کے اثرات نمایاں ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ گزشتہ 23 سال میں نیب نے مجموعی طور پر 883.58 ارب روپے کی وصولیاں کی تھیں، جبکہ صرف اڑھائی سال کے مختصر عرصے میں 8397.75 ارب روپے کی ریکوری کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا گیا ہے۔ یوں ہر ایک روپے کے مقابلے میں 548 روپے کی ریکوری عمل میں آئی، جو نیب کی کارکردگی میں غیر معمولی بہتری کا ثبوت ہے۔ نئی اصلاحات کے تحت ملزم کو ہر مرحلے پر سماعت کا حق دیا گیا ہے اور فیصلے تک اس کی شناخت کو مخفی رکھا جاتا ہے۔ پونزی اسکیمز اور ہاؤسنگ فراڈ سے متاثرہ شہریوں کو 124.86 ارب روپے واپس کیے گئے۔ نیب کو رواں سال کے آخر تک مزید 2000 ارب روپے کی ریکوری کی توقع ہے۔ 118 ارب روپے مالیت کے غیر قانونی اثاثوں پر مشتمل منی لانڈرنگ کے 21 بڑے مقدمات زیرِ تفتیش ہیں۔ یہ تمام اقدامات ترمیم شدہ نیب قانون کی روشنی میں ادارے کی فعالیت، شفافیت اور افادیت بڑھانے کے مقصد سے کیے گئے۔

جب نیب قانون میں ترامیم کی گئیں تو کہا گیا تھا کہ نیب کے پر کاٹ دیے گئے ہیں اور اب اس کی کارکردگی پہلے جیسی نہیں رہے گی۔ مگر نیب نے عملی نتائج سے ثابت کیا کہ ترمیمات نے اس کی کارکردگی کو کمزور کرنے کے بجائے مزید مؤثر بنا دیا ہے۔ 50 کروڑ سے کم کرپشن کے کیسز کو نیب کے دائرہ اختیار سے نکالا گیا تھا۔ اگر یہ استثنا نہ ہوتا، یا اب بھی اسے ختم کر دیا جائے اور ایک کروڑ یا اس سے زائد کی کرپشن کے تمام کیسز نیب کو دے دیے جائیں تو موجودہ ریکوری بھی دوگنی ہو سکتی ہے۔ سوال یہ بھی ہے کہ کرپٹ مافیا نے اتنے بڑے پیمانے پر دولت کیسے اور کہاں سے بنائی؟ نیب میں پلی بارگین کا قانون موجود ہے، مگر کرپشن کے مکمل خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ پلی بارگین کے ذریعے رعایت دینے کی بجائے پوری خرد برد شدہ رقم نہ صرف وصول کی جائے بلکہ اس پر بھاری جرمانہ بھی عائد کیا جائے اور دوسروں کے لیے مثال قائم کرنے کے لیے سخت سزائیں دی جائیں۔

ہمارے دوست اور معاون کتے اور اُن کی جراثیمی بیماریاں اور اُن کا علاج۔

ڈاکٹر محمد شعیب خان۔

پالتو جانور میں مختلف نسل کے کتے بہت شوق سے رکھے جاتے ہیں۔ ان میں کچھ اقسام حفاظت کے لیے بہترین ہیں۔ اور کچھ کتوں کا دوست اور معاون کے لحاظ سے اپنایا جاتا ہے۔ ریسرچ سے ثابت ہوا ہے۔ کہ جو لوگ شوق اور معاون کے لیے پالتو کتے یا جانور رکھتے ہیں اُن کی ذہنی صحت بھی بہتر ہوتی ہے۔ اور وہ صرف بھی رہتے ہیں۔ اور اُکتاہٹ کا شکار نہیں ہوتے۔

میرے سامنے کالج کی لڑکیاں بھی نرم و نازک و جان پان سے تقریباً 22 سالہ نوجوان لڑکی بیٹھی تھی جو بار بار ایک ہی فقرہ دہرا رہی تھی کہ میں انسان نہیں ہوں کیا، میں Hurt نہیں ہوتی کیا میری Feelings نہیں ہیں، کیا مجھے درد نہیں ہوتا، میں، کوئی بھیڑ بکری ہوں اس کے نرم و نازک گالوں پر آنسوؤں کی آبشار مسلسل بہہ رہی تھی وہ بار بار اپنے دوپٹے کے پلو سے سوکھی ہوئی آنسوؤں سے لبریز آنکھوں کو پونچھتی اور رونی سسکتی گلوگیر آواز میں کہتی سر میں کوئی میز کرسی ہوں بنڑی منڈی میں کوئی چل یا بنڑی ہوں یا کسی سٹور میں گھر کے استعمال کی کوئی چیز ہوں میں پلیٹ بالٹی گلاس برتن ہوں میں کیا ہوں۔ سر میں پچھلے تین سال کی غالباً نہ ڈرل سے بھی آگئی ہوں میں ڈیکوریشن پیس کی طرح کج کر چائے اور لوازمات کی ٹرالی سجا کر رشتہ دیکھنے والوں کے سامنے آتی ہوں اور مجرم بن کر کھڑی ہو جاتی ہوں مجھے سر سے پاں تک گھورا جاتا ہے غیر مناسب اور استرائیہ نظروں اور فقروں سے نوازا جاتا ہے اور بری طرح ریجیکٹ کر کے دھتکار دیا جاتا ہے میں پچھلے تین سال سے روزانہ اس پل صراط اور صراے گزر رہی تھی میرے باپ وفات پا چکے ہیں اب میں اپنی بیوہ ماں اور دو بہنوں کے ساتھ اس اندھے بہرے معاشرے میں اپنی زندگی کی سانسیں پوری کر رہی ہوں سر میں ان جلا دصفت عورتوں کا درد تحمل اور صبر سے برداشت کر رہی تھی لیکن تین



بزمِ درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

دن پہلے ایک جلسی ہمارے گھر میرا رشد دیکھنے آئی۔ میری ماں نے ہمارا پیٹ کاٹ کر کچھ پیسے سمھالے ہوئے تھے آنے والے مہمانوں کے لیے چائے اور لوازمات تیار کیے اور میں حسب معمول چائے کی ٹرالی اور لوازمات لے کر اندر کمرے تک فوند ایک میاں بیوی اور ان کی بیٹی بیٹھی ہوئی تھی پہلے تو انہوں نے ٹرالی اور میں پر چڑے لوازمات کو گہری اور تنقیدی نظروں سے دیکھا جو ہماری غربت کا منہ بولتا ثبوت تھی مختصر لوازمات ان کی طبیعت اور مزاج پر گراں گزرے ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر منفی اشارے کئے میں مجرموں کی طرح بیٹھی اور میری ماں حسب معمول ان کی خاطر مدارت اور خوشامد میں لگی تھی چائے وغیرہ سے فارغ ہو کر لڑکے کی ماں نے پہلا سکہ یہ صادر کیا کہ میں کھڑی ہو جاں میں نے حکم کی تعمیل کی اب وہ بھی کھڑی ہوگئی میرے ہاتھ پاں کو چیک کیا جس طرح جانوروں کو خریدنے سے پہلے اچھی طرح دیکھتے ہیں کہ اس کے ہاتھ پاں درست ہیں میری نظر ٹیسٹ کے لیے سامنے چلا پھرا کر اور بٹھا کر خوب چیک کیا میرے وزن اور قد کا خوب اندازہ لگایا میرا منہ کھلوا کر میرے دانتوں کو چیک کیا اور اچھی طرح سونگھ کر دیکھا میرے منہ سے بدبو کو برداشت نہ کر سکے اور میرے ہاتھ کو سختی سے کھینچ کر چیک کیا کہ یہ اصلی ہیں یا نقلی میں جیرت آگھموں کو فورے سے دیکھا کہ میں نے کہیں کوئی نقلی چیز تو نہیں لگائے ہوئے میرے جوتے اتار کر اچھی طرح جوروں کا جائزہ لیا جب میں یہاں پاس ہوگئی تو اس نے عجیب پاگلوں والی حرکت کی مجھے بازو سے پکڑ اور بار بار جھوب اس نے لگی میرے چہرے پر پرائی لگا کر گرگر کر دیکھا کہ میرا اصل رنگ کیا ہے

آخر کیوں؟

اس کے بعد میرے جسم کو ٹٹولنا شروع کر دیا اچھی طرح میرے جسم کو چیک کر کے اندر اندر آکر بیٹھ گئی اور بولی سیدھی سی بات شادی صرف لڑکی کے ساتھ نہیں ہوتی اس کے گھر والوں سے ہوتی ہے اب وہ میری ماں کو کٹہرے میں کھڑا کر چکی تھی اب اس جلاد صفت عورت نے اپنے مطالبے دہرانے شروع کر دیے وہ جہیز کے نام پر لیپ چوڑے مزاج پر گراں گزرے ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر منفی اشارے کئے میں مجرموں کی طرح بیٹھی اور میری ماں حسب معمول ان کی خاطر مدارت اور خوشامد میں لگی تھی چائے وغیرہ سے فارغ ہو کر لڑکے کی ماں نے پہلا سکہ یہ صادر کیا کہ میں کھڑی ہو جاں میں نے حکم کی تعمیل کی اب وہ بھی کھڑی ہوگئی میرے ہاتھ پاں کو چیک کیا جس طرح جانوروں کو خریدنے سے پہلے اچھی طرح دیکھتے ہیں کہ اس کے ہاتھ پاں درست ہیں میری نظر ٹیسٹ کے لیے سامنے چلا پھرا کر اور بٹھا کر خوب چیک کیا میرے وزن اور قد کا خوب اندازہ لگایا میرا منہ کھلوا کر میرے دانتوں کو چیک کیا اور اچھی طرح سونگھ کر دیکھا میرے منہ سے بدبو کو برداشت نہ کر سکے اور میرے ہاتھ کو سختی سے کھینچ کر چیک کیا کہ یہ اصلی ہیں یا نقلی میں جیرت آگھموں کو فورے سے دیکھا کہ میں نے کہیں کوئی نقلی چیز تو نہیں لگائے ہوئے میرے جوتے اتار کر اچھی طرح جوروں کا جائزہ لیا جب میں یہاں پاس ہوگئی تو اس نے عجیب پاگلوں والی حرکت کی مجھے بازو سے پکڑ اور بار بار جھوب اس نے لگی میرے چہرے پر پرائی لگا کر گرگر کر دیکھا کہ میرا اصل رنگ کیا ہے

جاتے جاتے کہہ گئی کہ میرے کزن کی بیوی فوت ہوگئی ہے اس کے بچوں کو سنبھالنے والا کوئی نہیں اگر آپ کہیں تو میں ان سے آپ کے بیٹی کے لیے بات کروں اس کے کزن کی عمر تمہارا کوئی تصور نہیں ہے، نامکمل اور اپاہج تو وہ لوگ ہیں جو اس اندھے بہرے گلے سڑے معاشرے کی پیداوار ہیں۔ جو جلادوں کی طرح اکڑ اور سوسو نقص نکال کر چلے جاتے ہیں مجھے وہ بے شمار بیٹیاں یاد آگئیں جو ہر روز مجھے ملتی ہیں وقت گزرنے کے ساتھ ان کے چہروں پر نوجوانی کی تازگی کی جگہ جب خزاں آگئی ہے اور بالوں میں چاندی اترنے لگتی ہے تو امید کے دیپ جلائے میرے پاس میرے پیچھے لوگوں کے پاس سکلوں لے کر جاتی ہیں کہ ان کی خالی جھولی بھر جائے، مجھے بے اقاقہ نہ ہوا تو چند بچیاں تو پاگل خانے تک پہنچ گئیں، وہ بے شمار بچیاں جن کا ذہنی توازن اس شدید گرمی کو برداشت نہ کر سکا اور ان کو دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ خاص لڑکے والے بالکل نہیں سوچتے کہ یہ نازک معصوم کانچ کی گڑیاں بھی اس بے حس معاشرے کی بیٹیاں ان کے انکار سے ان کے نازک کانچ کے جسم ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں اور پھر پہنچتے کتنے دن یہ نازک پھیاں اپنے ریزہ ریزہ جسم کو اپنی نازک انگلیوں سے چنتی ہیں اپنے ماں باپ کی خوشی کے لیے پھر خاموش جلاد صفت لڑکے والوں کی ماں کے سامنے مجرم بن کر کھڑی ہوتی ہیں۔

بنی میرے سامنے بیٹھی تھی اور میرے پاس اس کے سوالوں کا کوئی جواب نہ تھا اس کی داستان غم سن کر میری آنکھیں نمناک ہو چکی تھیں۔ میں نے محبت اور شفقت سے لبریز لہجے میں کہا تمہیں میری مصیبت بیٹی ادھوری یا اپاہج نہیں ہو، تم ایک مکمل اور خوبصورت بیٹی ہو تمہارا کوئی تصور نہیں ہے، نامکمل اور اپاہج تو وہ لوگ ہیں جو اس اندھے بہرے گلے سڑے معاشرے کی پیداوار ہیں۔ جو جلادوں کی طرح اکڑ اور سوسو نقص نکال کر چلے جاتے ہیں مجھے وہ بے شمار بیٹیاں یاد آگئیں جو ہر روز مجھے ملتی ہیں وقت گزرنے کے ساتھ ان کے چہروں پر نوجوانی کی تازگی کی جگہ جب خزاں آگئی ہے اور بالوں میں چاندی اترنے لگتی ہے تو امید کے دیپ جلائے میرے پاس میرے پیچھے لوگوں کے پاس سکلوں لے کر جاتی ہیں کہ ان کی خالی جھولی بھر جائے، مجھے بے اقاقہ نہ ہوا تو چند بچیاں تو پاگل خانے تک پہنچ گئیں، وہ بے شمار بچیاں جن کا ذہنی توازن اس شدید گرمی کو برداشت نہ کر سکا اور ان کو دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ خاص لڑکے والے بالکل نہیں سوچتے کہ یہ نازک معصوم کانچ کی گڑیاں بھی اس بے حس معاشرے کی بیٹیاں ان کے انکار سے ان کے نازک کانچ کے جسم ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں اور پھر پہنچتے کتنے دن یہ نازک پھیاں اپنے ریزہ ریزہ جسم کو اپنی نازک انگلیوں سے چنتی ہیں اپنے ماں باپ کی خوشی کے لیے پھر خاموش جلاد صفت لڑکے والوں کی ماں کے سامنے مجرم بن کر کھڑی ہوتی ہیں۔

دنیا کا مہنگا ترین ویزا کس ملک کا ہے؟

نیٹ نیوز۔ بین الاقوامی سفر کی منصوبہ بندی جہاں دلچسپ ہے وہی ویزے کا عمل اتنا سہل مشکل اور تھکا دینے والا بھی ہوتا ہے کیونکہ بعض اوقات کاغذی کارروائی مکمل کرنا آسان نہیں ہوتا نام سفر کے حوالے سے ان تمام مراحل کو عبور کرنے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق دنیا کے مہنگے ترین ویزے کے حامل ممالک میں نہ تو امریکا ہے اور نہ برطانیہ جیسا ترقی یافتہ ملک بلکہ ایک ماہ لیانی ملک ہے، جس کا وزٹ ویزا دنیا کا مہنگا ترین ویزا شمار کیا جاتا ہے۔ دنیا کے مہنگے ترین ویزے کا حامل ملک بھوٹان ہے کیونکہ اس کے ویزے کا لیس ڈی ایم سی پر دیگر ممالک کی معمولی نہیں ہے، جبکہ دیگر ممالک ایک دفعہ فیس چارج کرتے ہیں اور بھوٹان کا سسٹمن اعلیٰ ویلیو پلیٹ فیس (ایس ڈی ایف) رکھتا ہے، اس میں ڈال میں ہر ایک شخص سے فی رات کے حساب سے 100 ڈالر شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھوٹان کی سیاحتی فلسفہ سیاحوں کی کم تعداد اور اعلیٰ اقدار کا مقصد اپنی ثقافت اور ماحول کا تحفظ ہے۔

خاتون کی پلکوں سے 250 سوئیں اور اگلے 85 لڑے کیسے نکالے گئے؟

نیٹ نیوز۔ بھارتی ریاست گجرات میں ایک ایسا جرحان کن طبی واقعہ پیش آیا جس نے ڈاکٹروں کو حیرت میں ڈال دیا۔ یہ واقعہ اڈلہ کی مغربی ریاست گجرات کے امریلی ضلع کے سارنکڑا کے ایک ہسپتال میں پیش آیا جہاں 66 سالہ خاتون کی پلکوں کو انتہائی احتیاط سے نکالا گیا۔ ڈاکٹروں کی ٹیم نے اس کیس کو دنیا کی سرفہرست مشہور کرنٹ لیٹر میں ہوا ہے، جس میں دنیائے کرکٹ کے بڑے بڑے نام کھیلنے کی خواہش رکھتے ہیں اور ہر سال اپنے کھیل سے شائقین کو محظوظ کرتے ہیں۔ یہ بیماری کتوں میں پیدا ہونے والے جراثیم کو مار دیتے ہیں۔

- ویٹرن اور حدیثات: ویٹرن اور معدیثات صحت میں مرحلہ وار بہتری لاتے ہیں اور قوت مدافعت کو مضبوط بنانے میں۔

5. پالتو کتوں میں پیدا ہونے والی بیماریاں جو ہمیں کتوں کے لیے ویکسینیشن کا ضروری ہوتا ہے۔ یہاں کچھ کتوں کی بیماریاں اور ان کے لیے ویکسینیشن کتوں کی اہم بیماریاں اور ویکسینیشن:

1. پارویرس: ویکسینیشن کا نام: ریبیو ویکسین
ویکسینیشن کا شیڈول: 3 ماہ کے بعد، پھر 1 سال بعد، پھر ہر 3 سال بعد

2. ڈسٹیمپر: ویکسینیشن کا نام: ڈسٹیمپر ویکسین
ویکسینیشن کا شیڈول: 6-8 ہفتوں کے بعد، پھر 10-12 ہفتوں کے بعد، پھر 1 سال بعد

- بیماری کے علامات: بخار، کھانسی، چھینک آنے، سانس لینے میں مشکل

3. ہیپاٹائٹس:
کتوں میں ہیپاٹائٹس کے ویکسینیشن کا شیڈول مندرجہ ذیل ہے:
ہیپاٹائٹس ویکسینیشن کا شیڈول:
1. پہلی ویکسین: 8 ہفتوں کے بعد
2. دوسری ویکسین: 10-12 ہفتوں کے بعد
3. تیسری ویکسین: 14-16 ہفتوں کے بعد
4. چوتھی ویکسین: 1 سال کے بعد

- بیماری کے علامات: بھوک، پیشاب کا رک جانا، گلا کا سوکھنا، موت

6. کینائن ڈسٹیمپر:
ویکسینیشن کا نام: ڈسٹیمپر ویکسین
ویکسینیشن کا شیڈول: 6-8 ہفتوں کے بعد، پھر 10-12 ہفتوں کے بعد، پھر 1 سال بعد

- بیماری کے علامات: بخار، کھانسی، چھینک آنے، سانس لینے میں مشکل

7. ہیپاٹائٹس:
کتوں میں ہیپاٹائٹس کے ویکسینیشن کا شیڈول مندرجہ ذیل ہے:
ہیپاٹائٹس ویکسینیشن کا شیڈول:
1. پہلی ویکسین: 8 ہفتوں کے بعد
2. دوسری ویکسین: 10-12 ہفتوں کے بعد
3. تیسری ویکسین: 14-16 ہفتوں کے بعد
4. چوتھی ویکسین: 1 سال کے بعد

SHOWBIZ شوبز

فلم ہو یا ٹی وی ضرور وقفہ لینا چاہیے' احسن خان

میری کوشش ہوتی ہے میرے اوپر کسی خاص کردار کی چھاپ نہ لگے

لاہور (این این آئی) ٹاپ مراد اداکار احسن خان نے کہا ہے کہ میں جو مراد مکار کا کردار کر رہا ہوں بالکل ہم ہوائی شہزادہ قسم کا نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں احسن خان نے کہا کہ میں ہر کردار بڑا سوچ سمجھ کر قبول کرتا ہوں، پیشہ کو کوشش ہوتی ہے میں جو کردار لے رہا ہوں کسی اس کے ساتھ انصاف کر پاؤں گا۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ میرے اوپر کسی خاص کردار کی چھاپ نہ لگے بلکہ جو بھی کردار نبھاؤں لوگ اسے پسند کریں۔ انہوں نے کہا کہ میں تھوڑے زیادہ معیار پر تو پیر مرکوز رکھتا ہوں اس کے لئے چاہے مجھے کتنا ہی وقفہ کیوں نہ لینا پڑے۔

اداکارہ و ماڈل عمائمہ ملک نے زندگی کی 38 بہاریں دیکھ لیں

عمائمہ ملک 18 نومبر 1987 کو کوئٹہ میں پیدا ہوئیں

لاہور (این این آئی) ٹاپ مراد اداکارہ و ماڈل عمائمہ ملک نے زندگی کی 38 بہاریں دیکھ لیں۔ عمائمہ ملک 18 نومبر 1987 کو کوئٹہ میں پیدا ہوگئیں، انہوں نے کوئنٹس کالج برائے خواتین کوئٹہ سے گریجویشن کیا اور بعد ازاں فیملی کے ہمراہ کراچی منتقل ہو گئیں۔ عمائمہ ملک نے کیریئر کا آغاز ماڈلنگ سے کیا جس کے بعد متعدد ٹی وی سیریلز میں مرکزی روماننوی کردار ادا کیے جن میں عشق جنون دیوانگی، آتو، جنیر فاطمہ ٹی اے، طائر لاہوتی، آجا میں تیوں پیار کراں، طلاق اور آبری اصغری شامل ہیں۔ وہ حیلی بار فلم بول میں جلوہ گر ہوئیں۔

کیون پیٹرسن کرکٹ میں پیسے کی ریل پیل پر بول پڑے

جھکے اور سوچ بلس مارتے رہو اور اپنا بیٹ بیلنس بڑھاتے رہو، کیون پیٹرسن

لاہور (این این آئی) سابق انگلش کرکٹر نے کہا کہ اس میں کھلاڑیوں کا قصور نہیں کیونکہ ماڈرن کرکٹ ایسی ہی ہے، آج کل کھلاڑیوں کی ترجیح کریئر کو کمزور بنا دیا انہیں کھیلنے کی آرٹ سیکھنا نہیں ہوتا، کرکٹ اب اوپنا میوزک، اوٹیس، کرکٹ پروڈاکٹ اور فی مالکان کیلئے فائدوں کا کھیل ہے۔

پاکستان سپر لیگ نئی دہائی میں داخل، نیا پروموجاری

5 ٹیموں سے شروع ہونے والا پی ایس ایل کا سفر 6 ٹیموں کے ساتھ دسویں سال تک پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے 10 سال مکمل اور اب پی سی بی نے پی ایس ایل کے نئے دہائی میں داخل ہو رہی ہے۔ 5 ٹیموں سے شروع ہونے والا پی ایس ایل کا سفر 6 ٹیموں کے ساتھ دسویں سال تک پہنچا۔ تام اب پاکستان سپر لیگ چھ ہو چکا 8 ٹیموں کے ساتھ پہلے سے بڑی اور مضبوط ہونے کو تیار ہے۔

میرے جگر کا 22 فیصد اور 11 سینٹی میٹر کا ٹیومر نکال دیا گیا، اداکارہ دیپیکا کنگر

ممبئی (این این آئی) مشہور بھارتی اداکارہ دیپیکا کنگر نے انکشاف کیا ہے کہ میرے جگر کا 22 فیصد حصہ نکال دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق دیپیکا کنگر جنہیں جگر کا کینسر تشخیص ہوا تھا، سرجری کے دن کا جگر کا 22 فیصد اور 11 سینٹی میٹر کا غیر مرکز نکال دیا گیا ہے۔ 39 سالہ اداکارہ نے حال ہی میں اپنے کینسر کی تشخیص اور علاج کے دوران پیش آنے والے تجربات کے بارے میں تفصیل سے بات کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کینسر صرف غیر مرکز حصہ تھا، جسم کے دیگر حصوں میں نہیں پھیلا، میں نومبر میں دوبارہ ایف اے پی آئی اسکین کی رواری ہوں۔

کریئر کا آغاز اسٹیج سے کیا، پہلا معاوضہ 2500 روپے ملا تھا' کاشف محمود

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار کاشف محمود نے کہا ہے کہ میں نے اپنے کریئر کا آغاز اسٹیج سے کیا تھا اور مجھے پہلا معاوضہ 2500 روپے ملا تھا جو میرے لئے 25 لاکھ روپے کی اہمیت رکھتا ہے، خالد بٹ اور فوری خان بہت بڑے اداکار تھے لیکن مجھے ایسا لگتا ہے کہ انہیں جو مرتبہ و مقام ملنا چاہیے تھا وہ نہیں دیا گیا۔ ایک انٹرویو میں کاشف محمود نے کہا کہ میں جب اپنے کریئر میں جدوجہد کر رہا تھا تو روزانہ اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے کام نہیں ملتا تھا، ایک روز خالد بٹ نے مجھے اسٹیج ڈرامے میں جاسن دیا جہاں سے میرے کریئر کا آغاز ہوا، مجھے پہلا معاوضہ 2500 روپے ملا تھا۔

میری کامیابی میں پی ٹی وی کا بڑا ہاتھ ہے' نور الحسن

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار و میزبان نور الحسن نے کہا ہے کہ میری کامیابی میں پی ٹی وی کا بڑا ہاتھ ہے، پی ٹی وی میں جب ڈرامہ چلتا تھا تو ہر ملک کے لئے کئی قسط ریکارڈ ہوتی تھی۔ اپنے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی وی سے بڑے لازوال ڈرامے چلتی ہوئے ہیں جو دہائیوں گزرنے کے باوجود آج بھی لوگوں کے ذہنوں پر چھائے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

OFFICE OF THE MUNICIPAL COMMITTEE KALLAR SYEDAN, DISTRICT RAWALPINDI

E-PAD TENDER NOTICE

(Single Stage Single Envelope)

(1) Municipal Committee Kallar Syedan, District Rawalpindi, intends to invite tenders for the following works of M&R2025-26 from the firms/contractors must Registered with Pakistan Engineering Council (PEC) and also registered on E-PAD as per Government of Punjab Directions, for the financial year 2025-26.

(2) The bidders / contractors / firms will submit bids up to 04-12-2025 at 11:00 AM and will be opened on the same day at 02:00 PM by the Tender Opening Committee through E-PAD "https://punjab.eprocure.gov.pk/#/auth/login".

(3) The interested bidders / contractors / firms can obtain the Tender Documents/Bidding Documents FREE OF COST through E-PAD and should upload their bid through E-PAD, Manual bid is not acceptable at any cost for evaluation.

(4) The bidders must submit the Bid Security @ 05% of estimated cost on E-PADs, as mentioned in the Bidding Documents. The bidder / contractors / firms are also bound to submit Original CDR (Bid Security @ 05%) of estimated cost in the office of the Municipal Officer (Infrastructure), MC Kallar Syedan, before 11:00 AM on tender opening day. Otherwise the firm/Contractor will be disqualified in the presence of Tender Opening Committee. The bid security shall only be released upon the hard copy.

(5) The firms / contractor shall be responsible for payment of all applicable taxes at the time of release of payment as admissible under the rules prescribed by the Government of Punjab.

(6) The Procuring Agency may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal under Punjab PPRA Rules 2014 (Rule-35).

(7) As per PPRA Rules 2014 under rule 56, and PLG Works Rules 2017-Rule 9(9d), The Lowest Bidder whose bid will be 5% or more below of sanctioned estimated cost of the work, the lowest bidder will be bound to deposit the difference between the bid & estimated cost as per rate quoted by the bidder as additional Performance Security(subject to maximum of 10%) in the shape of deposit at call from any scheduled bank within 15 days after receipt of tenders which will be returned on successful completion of the work/contract otherwise his earnest money will be forfeited in the favour of MC Kallar Syedan.

(8) All the bidders shall be required to quote their rates against each entry/item of DNIT/BOQs (instead of percentage) and completely fill the pages of rate analysis/summary/sub summary, otherwise all such financial bids are liable to be treated as "incomplete bids", which will not be considered for financial evolution.

Note: As per Government of the Punjab, Services & General Administration Department (Implementation & Coordination Wing) Notification No. SO(Cab-D)2-9/2015, dated 24th September, 2025, the response time shall be calculated exclusively from the date of publication of this advertisement on the PPRA website. The Uniform Resource Locator (URL) of the website is https://eproc.punjab.gov.pk/AcTiveTenders.aspx

Detail of works is as under:

S.No	Name of scheme	Cost (M)	Earnest Money 5% (In RS)	Time limit
01	Repair & Rehabilitation Jocha Mamdot Road Phase-II, MC Kallar Syedan	08.900	445000	As per Work Order
02	Repair of Sewerage line and Street main roads towards house Zaheer, Jocha Mamdot, MC Kallar Syedan	02.900	145000	As per Work Order
03	Repair & Sewerage line near house Tufail Darkali Sher Shahi, MC Kallar Syedan	02.650	132500	As per Work Order
04	Repair main street and wall Palkan, MC Kallar Syedan	03.680	184000	As per Work Order
05	Repair Boundary Wall Graveyard Daryal, MC Kallar Syedan	03.770	188500	As per Work Order
06	Repair Boundary Wall and Grill Graveyard Dhoke Gangal, MC Kallar Syedan	02.180	109000	As per Work Order
07	Repair/Rehabilitation of Tota Road MC Kallar Syedan	09.500	475000	As per Work Order
08	Repair & Rehabilitation of street and allied work from Shahid house towards School Jocha Mamdot, & street and allied work and Const. of street and allied work from house Ayan towards Jamia Masjid Mamdot, MC Kallar Syedan	09.980	499000	As per Work Order
09	Repair of Nullah / Retaining Wall & Allied Work Kallar Syedan, MC Kallar Syedan	09.970	498500	As per Work Order
10	Repair & Rehabilitation of street Muhallah Ghousia near PTCL Exchange, Kallar Syedan, MC Kallar Syedan	05.200	260000	As per Work Order
11	Repair & Rehabilitation of streets from house Nasir to house Rashid, and house Jabir and allied streets, Darkali Sher Shahi, MC Kallar Syedan	03.500	175000	As per Work Order

CHIEF OFFICER
MC KALLAR SYEDAN

ADMINISTRATOR
MC KALLAR SYEDAN

IPL-6365

Rawalpindi Institute of Cardiology, Rawal Road Rawalpindi

TENDER NOTICE (2025-26)

Sealed bids for the following categories, addressed to the Medical Superintendent Rawalpindi Institute of Cardiology, Rawal Road Rawalpindi, are invited under PPRA rules 2014 (amended). The bidder must have registration with relevant Tax Departments of the Govt. of Pakistan.

S#	Description	Last date for submission of Tender Documents on EPAD	Tender Opening Date on EPAD
01	Only for Pre-qualified Firms from DG (M&E), P&D Board, Government of the Punjab, Lahore Provision of Integrated Smart Surveillance and Access Control System	Thursday 11-12-2025 10:00 AM	Thursday 11-12-2025 10:30 AM
02	Only for Pre-qualified Firms from DG (M&E), P&D Board, Government of the Punjab, Lahore Proposal of works for the Provision of IT equipment, Networking for OPD Complex & Paeds Complex Project	Thursday 11-12-2025 10:00 AM	Thursday 11-12-2025 10:30 AM
03	Only for Pre-qualified Firms from DG (M&E), P&D Board, Government of the Punjab, Lahore Proposal of VRF/VRV System for OPD Complex & Paeds Complex Project	Thursday 11-12-2025 11:00 AM	Thursday 11-12-2025 11:30 AM
04	Only for Pre-qualified Firms from DG (M&E), P&D Board, Government of the Punjab, Lahore Proposal of Biogases System for OPD Complex & Paeds Complex Project	Thursday 11-12-2025 11:00 AM	Thursday 11-12-2025 11:30 AM

Interested bidders may obtain the bidding documents containing terms & conditions and quantities free of cost from the websites of Punjab Procurement Regulatory Authority www.ppra.punjab.gov.pk, www.ric.gop.pk & https://punjab.eprocure.gov.pk. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/viewtender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of advertisement on the website of PPRA.

A Two stage – Two envelope procedures will be followed. Bids must be submitted electronically via EPADS (E-Pak Acquisition and Disposal System) according to above mention schedule. Bidder must submit fresh CDR / Bank Guarantee @ 02% of estimated price as a Bid Security (refundable) in the name of Rawalpindi Institute of Cardiology, Rawal Road Rawalpindi. The original bid security must submit to the address mention below before the closing time and date of tender. RIC Rawalpindi will not be responsible for any costs or expenses incurred by Bidders in the preparation, delivery, or electronic submission of Bids.

In case the date of opening is declared as a public holiday by the government or non-working day due to any reason, the next official working day shall be deemed to be the date of submission and opening of tenders accordingly. The time and venue shall remain the same

Medical Superintendent
Rawalpindi Institute of Cardiology, Rawalpindi

IPL-6427

بقیہ 1

کاھوم جماعت کو فاضل قرار دے چکے ہیں اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اشتعال انگیز مواد پھیلانے پر 31 مقدمات کام کے گئے تھے جن میں بخاری کے مقابلہ کارروائی کے لئے 3 مقدمات کے سے جدید اسٹیب بیسڈ پروف ٹیکنس اور بڑی تعداد میں شلیٹر بھی برآمد کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں 584 مقدمات درج ہوچکے ہیں اور 1200 گرفتاریاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں آئندہ چند روز میں یہ کل 100 مقدمات کے نتائج سامنے آنے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں بھیشہ آئین کرام کے کردار کو سراہا ہے، جنہیں بخاری نے ان کے مقام کے مطابق عزت اور تکریم بھی دی گئی۔ اکاح مزید کہا تھا کہ فواد حلد پنجاب سے پانچ وفاق المدارس کو بھی آن بورڈ کرایا ہے اس جلد بھرپور پنجاب میں پانچ مدارس کی بالاتعداد دینی شعبہ کا آغاز کیا جا رہا ہے گا۔ صوبے میں دل جاگ کے بھلی پاہدی سے اور کسی کو اس کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ صرف تین مقتول میں جائے 6 پنجاب میں 6 اضافی مجاہدین کو ان کے گھروں کے واپس بھیجا گیا ہے۔ یہ تین تین کہ دشت گرد جلد بھرسے بھاگ کر دوسرے صوبوں میں پناہ لیے ہیں، لہذا اس سے وفاقی حکومت اور ایجنسی کیلئے کے سامنے رکھا جا رہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بہت اور پنجاب اب جاب میں موجود ہیں، جن لوگوں نے افغان باشندوں کو گھروں میں پناہ دی ہے انہیں نے بتایا کہ ہی کارروائی کی گئی ہے۔ بخاری نے کہا کہ پنجاب کے متعدد اضلاع میں جہلم، چکوال، اٹک، راولپنڈی، خوشاب اور بھاولپور شامل ہیں، ڈی جی خان، بہاولپور اور چوری کی وارداتوں میں 70 سے 90 فیصد کے کمی رفتار کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دریا میں صرف رفتار کی کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دریا میں کوئی خوفناک رفتار یا خواتین کو پنجاب کے دوران سرپرشس کے استعمال کی حکومتی کمی رہی ہے۔

بقیہ 2

پولیٹیکل سازوں، باہر میں شہری منصوبہ بندی، ٹرانسپورٹ، ڈیولپمنٹ پروفیشنلز اور بلدیاتی نمائندوں کے ساتھ مل کر پنجاب کے پائیدار ترقی کے اہداف اور اجتماعی ترقی کے ایجنڈے سے ہم آہنگ ہے۔ حوالہ دیتے ہوئے ڈاکٹر ناصر ریسرچ ٹیم نے تیار کردہ کیس سٹڈی کو گول میز مذاکرے میں پیش کیا۔ ڈاکٹر ناصر جاوید، ماہر شہری ترقی و ٹرانسپورٹ پلاننگ اور سینئر مشیر ورلڈ بینک نے کہا کہ "ڈاکٹر ناصر جاوید، ماہر شہری ترقی و ٹرانسپورٹ پلاننگ اور سینئر مشیر ورلڈ بینک نے کہا کہ پنجاب کا پالیسی فریم ورک اور ادارتی ڈھانچہ ایک جدید اور مربوط شہری ترقی کا ماڈل ہے جو پنجاب کو ایک مضبوط اور پائیدار شہری ماحول کی طرف لے جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ریکٹر NSPP (ترقیاتی ادارے) کی ایک سے دوسرے داخل ہو رہا ہے، اس لیے ایک جہت بہت اور جامع ترقی پالیسی فریم ورک تاکہ ترقیاتی کوشش کو مضبوط بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اس کو مل کر پورا کیا جائے گا۔ ڈاکٹر ناصر نے کہا کہ ہم نے ایک ایسا ماڈل تیار کیا ہے جو پالیسی فریم ورک اور ادارتی ڈھانچہ کو ایک ساتھ جوڑتا ہے، جو پنجاب کی ترقی کو مضبوط بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس کو مل کر پورا کیا جائے گا۔ ڈاکٹر ناصر جاوید، ماہر شہری ترقی و ٹرانسپورٹ پلاننگ اور سینئر مشیر ورلڈ بینک نے کہا کہ "پنجاب کا پالیسی فریم ورک اور ادارتی ڈھانچہ ایک جدید اور مربوط شہری ترقی کا ماڈل ہے جو پنجاب کو ایک مضبوط اور پائیدار شہری ماحول کی طرف لے جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کو مل کر پورا کیا جائے گا۔ ڈاکٹر ناصر جاوید، ماہر شہری ترقی و ٹرانسپورٹ پلاننگ اور سینئر مشیر ورلڈ بینک نے کہا کہ "پنجاب کا پالیسی فریم ورک اور ادارتی ڈھانچہ ایک جدید اور مربوط

سرفراز ورڈو پر غیر قانونی تعیرات بے قابو شہریوں کی ڈاسریاں فائلوں میں دفن

چیف آفیسر عمران علی سے متعدد بار رابطے کی کوشش ناکام، انتظامی خاموشی نے سوالات کھڑے کر دیے

خلاف ورزی ثابت ہو تو نوٹس جاری کروں گا، اختیارات محدود ہیں، بلڈنگ انسپکٹر راجہ اعجاز

میونسپل کارپوریشن راولپنڈی کے زیر انتظام غیر قانونی تعیرات

راولپنڈی (عمیدالرحمان سے) میونسپل کارپوریشن راولپنڈی کے زیر انتظام سرفراز ورڈو غیر قانونی تعیرات کا بھیانکا تیوری سے بڑھتے لگے ہے، مگر انتظامیہ کی خاموشی نے شہریوں کی تشویش میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق متعدد شکایات اور تحریری درخواستیں دائری نمبر ز سمیت جمع کرانے کے باوجود نہ تعیراتی خلاف ورزیاں رکی ہیں اور نہ ہی ذمہ دار عملے کے خلاف کسی قسم کی تھانہ کارروائی دیکھنے میں آئی ہے۔ شہری حلقے اس صورتحال کو انتظامی کمزوری یا عمل غفلت قرار دے رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ جب شکایات کی باقاعدہ رسیدیں موجود ہوں اور پھر بھی کوئی پیش رفت نہ ہو تو عوام کا اعتماد ہی طرح مجروح ہوتا ہے۔ اس معاملے پر چیف آفیسر میونسپل (بقیہ نمبر 2 9)

5 ملزمان گرفتار، 1 کلو سے زائد چرس، 9 لیٹر شراب، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے 1 کلو سے زائد چرس، 9 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بگلا پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 1 کلو 333 گرام چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن کلاشنیکوف پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی، قادر بستی پولیس نے ایک ملزم کو (بقیہ نمبر 3 0)

راولپنڈی، 8 ٹائر شاپ سے جیک چرانے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے 8 ٹائر شاپ سے جیک چرانے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 8 روڈ بل ٹائر شاپ سے جیک چرانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم سے دو مسروقہ جیک برآمد ہوئے، بنی پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او راول سعد رشید نے کہا کہ ملزم گلشن شہاب کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نیلاہ ٹاؤن پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیلاہ ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گینگ سے 2 مسروقہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا۔ ایس ایچ او راول سعد رشید نے کہا کہ گینگ گلشن شہاب کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

مختلف علاقوں میں آپریشنز، 43 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں زیر حراست

کو الف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے افراد کے خلاف 3 مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کے دوران 43 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لیا، جبکہ کو الف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے افراد کے خلاف 3 مقدمات درج کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی اور اسید خالد ہوائی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر 3 1)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن رضا تنویر سپرا کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن رضا تنویر سپرا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے حلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق